فلم آرٹ کا پیش کردہ

ملاپ

मिलाप

میوزک ڈائریکٹر
این ۔ دتّا

ستارے
دیو آنند ۔ گیتا بالی ۔ کے ۔ این ۔ سنگھ
جانی واکر وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

خلاصہ کہانی بمبئی — لکھ پتیوں کا شہر جہاں مایا کے پیچھے سب لوگ بھاگے پھرتے دیکھنے میں آئیں گے۔ سب مایا ہوتے ہوئے بھی مایا مایا اور زیادہ مایا کے پیچھے تڑپتے پھرتے ہیں — ملاپ میں ایک ایسے انسان کی کہانی کا سارانش ہے۔ جس کو اتنی مایا ملتی ہے۔ جو خود نہیں سمجھ سکتا ہے کہ وہ اس مایا سے کیا کرے۔ یہ سب پردہ پر دیکھیں۔

ملاپ کے گانے

نمبر ۱

گیتا رائے

ہم سے بھی کر لو کبھی کبھی تو میٹھی میٹھی باتیں
ہیں بہار کا شوخ چنچل تیرا گل ہر میں ایسی بجلی ہوں
کھلی کھلی ہیں کھلی کھلی ہیں راتیں — ہم سے بھی کر لو
خیب ہو عمر بھر لئے بات تو کر لو
ہنس نہ پاؤ تو آہ بھی بھرو ——— کھلی کھلی ہیں ...
دل کو پیار سے بھر لو
یہ حسین بھول کر کے دیکھ لو ——— کھلی کھلی ہیں ...

گانا نمبر ۲

بچنا ذرا یہ زمانہ ہے برا کبھی میری گلی میں نہ آنا
میری گلی میں آنے والے ہو جاتے ہیں غم کے حوالے
ان راہوں سے جو بھی گزرے سوچ سمجھ کر دل کو اچھالے
بڑے بڑے دل یہاں بنے ہیں نشانہ
بچنا ذرا ....
نین لڑا کر دل کو بھانا - دل کو لبھا کر پاس بلانا

ملدب

پاس بُلا کر خود گھبرانا - تیرا ابھی جواب نہیں واہ
آنکھ ملا کر آنکھ چُرانا - آنکھ چُرا کر دل کو جلانا
دل کو جلا کر ہوش بھلانا - ہوش بھلا کر مجنوں بنانا
ان لیلاؤں کا ہے کھیل پرانا —— بچنا ذرا . . . .
شوخی سمجھے شرم و حیا کو - عورت سمجھے ناز و ادا کو
ان دیوانوں کا کیا کہنا آپ بلائیں اپنی قضا کو
اور پھر مانگے تم سے ہرجانہ —— بچنا ذرا . . . .

گانا نمبر ۳

یہ بہاروں کا سماں، چاند تاروں کا سماں
کھو نہ جائے آ بھی جا یہ بہاروں کا سماں
آسماں سے رنگ بن کے بہہ رہی ہے چاندنی
بے زبانی کی زباں سے کہہ رہی ہے چاندنی
جاگتی سونی نگاہیں سو نہ جائیں آ بھی جا —— یہ بہاروں ...
رات کے ہمراہ ڈھلتی جا رہی ہے زندگی
شمع کی صورت پگھلتی جا رہی ہے زندگی
ریشمی لمحہ کہ دھواں ہو نہ جائے آ بھی جا —— یہ بہاروں ....
آ ذرا ہنس کر نگاہوں میں نگاہیں ڈال دے
دیر کی ترسی ہوئی باہوں میں باہیں ڈال دے
حسرتوں کا کارواں کھو نہ جائے آ بھی جا —— یہ بہاروں ...

گانا نمبر ۴

گیتا رائے

جا رہے ہو تو جاؤ پر جاؤ گے کہاں
بابو جی تم ایسا دل پاؤ گے کہاں

آئے ہیں دُور سے مِلنے حضور سے
ہم کو سزا نہ دو جی دِل کے قصور سے
آدھی ہے رات ابھی باقی ہے بات ابھی
چھوڑو نہ ساتھ ابھی — بابو جی جاتے ہو کہاں جاتے...
دِل ہم یہ وار کے دُنیا کو ہار کے
بیٹھے ہیں دیر سے رستے میں پیار کے
تھوڑی سی چاہ دے دو سونے میں راہ دے دو
دِل کو پناہ دے دو — بابو جی جاتے ہو کہاں جاتے...
مِلنے کی آس ہے جلوؤں کی پیاس ہے
سب کچھ تمہارے لئے جو دِل کے پاس ہے
یوں نہ نڈھال کرو دِل نہ بے حال کرو
کچھ تو خیال کرو — بابو جی جاتے ہو کہاں جاتے...

گانا نمبر ۵

پیا چھلکے نہ نین بِلائے رے
جیا ترس ترس رہ جائے رے
کوئی کیسے اسے سمجھائے رے — جیا...
آدھی گھٹا بھی کہے سرد ہوا بھی کہے
کرلے تو کہیں پیار یہ موسم کی ادا بھی کہے
دِل کی صدا بھی کہے۔ یوں ہی ساون بیت نہ جائے
جیا......
دِل بھی ہے پیار بھی ہے ہنس کے بہار بھی ہے
تھوڑا سا تیری آنکھوں میں چاہت کا اقرار بھی ہے

تھوڑا انکار بھی ہے کا ہے نبتی بات گوا کے رہے
جیا.......

دِل میں ارماں بھی ہیں موسم جوانی بھی ہے
زلفوں کی گھنی چھاؤں میں جینے کا سامان بھی ہے
مرنا آسان بھی ہے کہیں جائیگا جو مر جا کے رہے
جیا.......

گانا نمبر ۶

چاہے بھی جو دِل تو جانا نہ وہاں
ہم تم سے ملے تھے جہاں جا کے اُڑے کی دہاں
بھٹکتے ہو گئے تم بے کر آنا پھر اندھیری راتوں میں
جو بھول سے ہم نے کہی تھی آنا نہ کبھی اُن باتوں میں
سب اُنہیں کا بیاں —— چاہے بھی....
کیا تم نے کیا کیا ہم نے کیا یہ بات نہ دِل میں لانا
پہلے بھی پیار گئے تھے ہم تم اب پھر سے بن جانا
جھکا آگے دِل نہ جا —— چاہے بھی...

گانا نمبر ۷

درد کا ساز بھی ہے دِل کی آواز بھی ہے
چھیڑ کو راگ کے جو آگ لگا دے
بہت سرد ہیں زندگی کی فضائیں
بہت تیز ہیں آج ظالم ہوائیں
کہیں راستوں کے دیئے بجھ نہ جائیں
میری منزل سے ذرا مجھ کو صدا دے

محبت کے صدموں سے دو چار ہو کر
زمانے کی رسموں سے بیزار ہو کر
تیرے پاس آئے ہیں لاچار ہو کر
ہم کو جینے کی کوئی راہ دکھا دے
کئی خواب جاگے کئی سو گئے ہیں
نہ پوچھو کہ ہم کیا سے کیا ہو گئے ہیں
اُنہیں ڈھونڈنے ڈھونڈتے کھو گئے ہیں
ہم کو اُن سے نہ بھی ہم سے اُن کو ملا دے

(ختم شد)

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں جنہیں زمانۂ حال کے مشہور ستارہ لتا منگیشکر۔ کانن کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ مینا کماری۔ وجینتی مالا۔ ریحانہ۔ شکیلہ۔ شیاما۔ نمی و ٹھاکرین۔ مدھوبالا۔ اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ موتی لال۔ کشور کمار۔ کرن دیوان۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ شمی کپور۔ بھارت بھوشن۔ ایم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔

قیمت صرف ۱/۱ آنہ محصولڈاک معاف

بغیر اُستاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانے والی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا ثابت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸/- محصولڈاک مُعاف

فلمی پرستان

یہ وہ لاجواب فلمی کتاب ہے۔ جو زرکثیر خرچ کرکے تیار کرائی ہے۔ اسمیں ایک سو فلموں کے عمدہ گانے درج کئے گئے ہیں۔ فلمی گانوں کے شوقین احباب کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ اب آپکو کسی گانے کی تلاش میں در در ڈھونڈنا نہیں پڑیگا۔

قیمت صرف ۱/-/3 محصولڈاک مُعاف

ملنے کا پتہ:- رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلے

لال پرنٹنگ پریس دہلی